

انٹرنیٹ پر قرآنی مواد

دی اکیڈمی کمپیوٹرز

اسلامی تحقیقات میں کمپیوٹر کا استعمال آج کی دنیا میں ایک ضرورت بنتی جا رہی ہے حال ہی میں انٹرنیٹ سہولیات کی فراہمی سے دنیا مزید سمٹ گئی ہے ' جدید ٹیکنالوجی نے جہاں شیطانی ثقافت کے فروغ میں کردار ادا کیا ہے وہاں الٰہی و قرآنی ثقافت کی بھی مدد کی ہے ۔ مذکورہ مضمون میں ہم انٹرنیٹ پر موجود قرآنی مواد کی دستیابی کے بارے میں اپنے قارئین کو کچھ معلومات مہیا کریں گے تاکہ اہل علم و دانش کو ضرورت کے وقت اپنی تحقیقات و مطالعات میں انٹرنیٹ کی سہولت سے استفادہ کرنے میں آسانی ہو ۔

انٹرنیٹ پر اگرچہ مختلف زبانوں میں علمی مواد مہیا ہے لیکن افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ اردو ' فارسی اور حتی عربی زبان میں ایسا مواد نہ ہونے کے برابر ہے ۔ انٹرنیٹ پر اگرچہ قرآن کریم کی مختصر سورتوں کی عربی عبارت بھی موجود ہے لیکن زیادہ انحصار انگریزی تراجم پر کیا گیا ہے ۔

انٹرنیٹ پر قرآن کریم کے درج ذیل سات شخصیات کے انگریزی تراجم موجود ہیں :

(۱) عبداللہ یوسف (۲) مارماڈیوک پکتھال (۳) ایم ایچ شاکر (۴) ای ایچ پالمر(۵) رشید خلیفہ (۶) ڈاکٹر ٹی بی ارونگ (۷) مولوی شیر علی ۔

پہلے پانچ تراجم کے حصول کے لیے ہمیں درج ذیل ویب سائٹ پر جانا ہوگا ۔

http://redwood.telcom.wvu.edu/ ~ msa/quran.html.

ڈاکٹر ٹی بی ارونگ کے انگریزی ترجمے کے حصول کے لیے درج ذیل سائٹ کا مشاہدہ کرنا پڑے گا:

http://www.umr.edu/~ msaumr/reference/quran.html

مولوی شیر علی کے انگریزی ترجمے کے حصول کے لیے درج ذیل ویب سائٹ پر جانا ہوگا:

http://www.utexas.edu/student/ ~ amso/quran-html

قرآن کی دو مکمل انگریزی تفاسیر بھی انٹرنیٹ پر موجود ہیں جو درج ذیل دو مفسرین کے اشحات قلم کا نتیجہ ہیں : (۱) ایم . ایم . خان ' (۲) ایم . ٹی . الحلالی ۔

ان دو تفاسیر کے علاوہ جناب مولانا ابوالا علیٰ مودودی کی جانب سے کئے گئے قرآنی سورتوں کے تعارف کے مشاہدے کے لیے :

http://redwood.telcom.wvu.edu/ ~ msa/quran.html

کی سائٹ دیکھی جانی چاہیے ۔

جناب عبداللہ یوسف علی کے ترجمے میں الفاظ اور چھوٹے جملات کی تلاش کا کام

http://mideast.library.cornell.edu/islam.htm

کی سائٹ پر جا کر کیا جاسکتا ہے جویقیناً محققین کے لیے ایک اہم اور ضروری کام ہے ۔

قرآنی موضوعات کی تلاش کے لیے انٹرنیٹ پر درج ذیل ویب سائٹ پر جانا ہوگا:

http://turboguide.com/cdprodl/cdhrec/003/060.shtml

جناب ایم۔ ایچ شاکر کے قرآنی ترجمے میں الفاظ کی تلاش کا کام۔

http://etext.lib.virginia.edu/Koran.html

کی سائٹ پر جاکر کیا جاسکتا ہے۔ اسی سائٹ پر IMB کی مقدار پر مشتمل ایک فائل میں مکمل قرآن کو اپنے کمپیوٹر پر منتقل بھی کیا جاسکتا ہے یا پھر قرآن کی کسی خاص سورت کو اپنے پاس محفوظ کیا جاسکتا ہے۔

جیسا کہ شروع میں عرض کیا جاچکا ہے کہ قرآن کے عربی متن کا مواد اگرچہ انٹرنیٹ پر مہیا ہے لیکن مکمل قرآن نہیں بلکہ اس کی بعض سورتیں۔ سورہ فاتحہ اور سورہ نمبر ۶۴ سے لیکر آخری سورہ یعنی سورہ نمبر ۱۱۴ تک تمام سورتوں کے عربی متن کو

http://www.wam.umd.edu/ ~ lilsistr/Quran/quran.html

کی سائٹ پر جاکر حاصل کیا جاسکتا ہے۔

انبیاء کرام کے حوالے سے قرآن اور بائبل کے مشترکات و مختلفات کا جائزہ

http://members aol.com/allah Islam/index.html

کی ویب سائٹ پر پیش کیا گیا ہے جو تقابل ادیان کے محققین اور طلاب کے لیے ایک مفید سائٹ ثابت ہوگی۔

قرآنی معلومات کے حوالے سے ہم اپنے قارئین کو تجویز کریں گے کہ وہ ایک اور اہم سائٹ پر ضرور جائیں

http://www.islam city.org/mosque/quran.html

اس سائٹ پر قرآنی مواد کے حوالے سے نئی معلومات حاصل ہونگی نیز کئی نئے ایڈریسز بھی تجویز کئے جائیں گے۔